# حرفِ اوّل

مرکزی انجمن خُدّامُ القرآن کا انیسواں سالانہ اجتماع بحمدِ اللہ حسب پروگرام ۲۶؍ اپریل کو قرآن اکیڈمی میں منعقد ہوا۔ انجمن کے صدر مؤسس محترم ڈاکٹر اِسرار احمد صاحب نے اس اجلاس کی صدارت فرمائی۔ اس موقع پر جناب صدر مؤسس نے اپنے خطاب میں سورۃ السجدہ کی پانچ آیات (آیت نمبر۲۱ تا ۲۵) کے حوالے سے گفتگو فرمائی۔ ان آیات میں اِنذار و تنبیہہ کا رنگ بھی موجود ہے اور تذکیر و مَوعظت کا انداز بھی۔ موقع کی مناسبت سے ان آیات کا انتخاب بہت برمحل محسوس ہوا۔ ہماری کوشش ہوگی کہ حکمتِ قرآن کے آئندہ شمارے میں محترم ڈاکٹر صاحب کا یہ خطاب ہدیۂ قارئین کر دیا جائے۔ قارئین کی دلچسپی کے پیشِ نظر مرکزی انجمن کے مذکورہ بالا اجتماع کی رُوداد اسی شمارے میں شامل کر دی گئی ہے۔ مزید برآں اس سالانہ اجتماع کے موقع پر مرکزی انجمن کے ناظمِ اعلیٰ کی جانب سے پیش کردہ سالانہ رپورٹ بابت سال ۱۹۹۰ء بھی شاملِ اشاعت کی گئی ہے جس کے ذریعے انجمن کی سالِ گزشتہ کی کارگزاری کا ایک جامع اور مبسوط خاکہ قاری کے سامنے آتا ہے۔

قارئین کرام نوٹ فرمالیں کہ آئندہ سے ان شاء اللہ العزیز گاہے بگاہے "رُجوع الی القرآن" کے میدان میں مرکزی انجمن خدامُ القرآن لاہور کی دعوتی سرگرمیوں کی رپورٹ "حکمتِ قرآن" میں شائع کی جاتی رہے گی۔ سرِدست ہر تیسرے مہینے ایک سہ ماہی رپورٹ ہدیۂ قارئین کی جایا کرے گی۔ مقصود اس سے یہ ہے کہ قارئین "حکمتِ قرآن" کو بھی مرکزی انجمن کی دعوتی سرگرمیوں سے آگاہی حاصل ہوتی رہے تاکہ وہ بھی رجوع الی القرآن کے اس کام میں اپنی اپنی ہمت و وسعت کے مطابق عملی حصّہ ادا کرسکیں۔

☆ ☆ ☆

قرآن کالج میں ایف اے کلاس کے نئے داخلوں کے بارے میں کالج انتظامیہ کی جانب سے تاریخوں کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ ٹائٹل کے آخری اندرونی صفحے پر اس ضمن میں ایک تفصیلی اعلان ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔ قارئین کے لئے یہ اطّلاع باعثِ مسرّت ہوگی کہ مرکزی انجمن خدام القرآن کے زیر اہتمام دینی تعلیم کے ایک سالہ کورس کی

.com

جانب رفقاء و احباب کے رجوع میں بحمد اللہ مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ بنیادی عربی قواعد، تجوید، قرآن حکیم کے منتخب اسباق اور کم و بیش دو پاروں کے ترجمے پر مشتمل یہ دینی نصاب عربی گرامر سیکھنے اور قرآن حکیم کی فکری و عملی رہنمائی کے حصول میں اللہ کے فضل و کرم سے بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ آئندہ سے ارادہ یہ ہے کہ ایک سال کے دورانیے پر مشتمل اس کورس کو دو سمسٹرز میں تقسیم کر دیا جائے گا تاکہ ہر چھ ماہ بعد نئے داخلے دیئے جا سکیں اور اس طرح ایک سال کے دوران بیک وقت دو کلاسوں کو ایک دوسرے کے پہلو بہ پہلو چلایا جا سکے۔ ہمیں یقین ہے کہ قارئین حکمتِ قرآن، قرآن کالج اور اس کی تعلیمی اسکیموں سے استفادے کے کسی موقع کو ضائع نہیں کریں گے اور رجوع الی القرآن کی اس تحریک میں بقدرِ استطاعت اپنا حصہ ضرور ادا کریں گے جو تنظیمِ اسلامی کے لئے اساس و بنیاد کی حیثیت رکھتی ہے۔

☆ ☆ ☆

زیرِ نظر شمارہ ماہ اپریل اور مئی کا مشترکہ شمارہ ہے، اسی نسبت سے اس کی ضخامت بھی معمول سے زائد رکھی گئی ہے۔ مرکزی انجمن کے سالانہ اجلاس کی مناسبت سے اس شمارے کے سرورق پر جامعُ القرآن، قرآن اکیڈمی کی اور پشت پر قرآن آڈیٹوریم کی رنگین تصاویر شائع کی گئی ہیں۔ یوں یہ شمارہ "حکمتِ قرآن" کے عام شماروں سے مختلف اور ممتاز ہے ------ مولانا محمد تقی امینیؒ کے سوانحی خاکے پر مشتمل ماہنامہ "تہذیب الاخلاق" علی گڑھ کا شائع کردہ ایک مضمون زیرِ نظر شمارے میں شامل کیا گیا ہے۔ تاہم مولانا امینیؒ کے بارے میں علی گڑھ کے محترم اقبال انصاری صاحب کی جانب سے ایک مبسوط مضمون کا انتظار ہے۔ ابھی چند روز پیشتر مُراد آباد بھارت سے مولانا افتخار فریدی صاحب کے ایک مکتوب کے ذریعے مدینہ منورہ میں مقیم ایک درویش عالم دین مولانا محمد عبدالملک جامعی کے انتقال کی اطلاع بھی موصول ہوئی ہے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون ---- مولانا جامعی کے پر مغز اور پر از موعظت مراسلات وقتاً فوقتاً "حکمتِ قرآن" کے صفحات کی زینت بنتے رہے ہیں۔ محترم فریدی صاحب کا خط درج ذیل ہے۔ یہ خط مولانا جامعی مرحوم کے اجمالی تعارف کے حصول کے لئے ایک کلید کا درجہ رکھتا ہے۔

"یہ خبر انتہائی رنج اور صدمہ کے ساتھ سنی گئی کہ مہاجرِ مدینہ مولانا عبدالملک، مدینہ منورہ میں انتقال فرما گئے۔ مولانا مرحوم کی ذاتِ گرامی گُوناگُوں خصوصیات کی

© rasailojaraid.c